موجب بنے اللہ نہ کرے ہم خالق اور مخلوق کے درمیان رکاوٹ بنیں اس مجلس میں حاضر ہونے کا سبب دشمنوں کی دشمنی اور آپس میں علم نافع کا بیان جو ہمارے حالات کی اصلاح کرے تو دشمنوں کی دشمنی کو واضح کرنا مسلمانوں کے ساتھ واضح ہے اللہ تعالیٰ نے ان کی دشمنی کو قرآن میں بار بار بیان فرمایا ہے۔لیکن ہمارے لئے یہ جائز نہیں کہ ہم ان کے علوم نافع سے انکار کریں اور یہ بھی جائز نہیں کہ ہر اس چیز سے جس کے بارے میں ہم نہیں جانتے اس سے ہم انکار کریں جیسے کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات سے واضح ہے وہ ہمیں تعلیم دیتے ہیں کہ حق کو ہر کسی سے حاصل کرو اگر چہ وہ کافر کیوں نہ ہو نبی کریم ﷺ کا اہل روم کے ساتھ عداوت ظاہر ہے اور تبوک کی جنگ میں ان کے ساتھ قتال کا ارادہ بھی رکھتے تھے اور ان کے اصحاب کو قتل بھی کیا ہے لیکن ساتھ ساتھ دنیوی مصالح میں ان کے اشیاء سے استفادہ کرتے تھے اور آپ نے یہ بھی تعلیم دی ہے کہ دشمنوں کی دشمنی اور حق کے درمیان فرق کریں اگر چہ حق کفار کے ساتھ کیوں نہ ہو یہ نبوی طریقہ کار ہے نبی کریم ﷺ نے ایک مریض صحابی کو ایک غیر مسلم طبیب کے پاس لے جانے کا امر کرتے تھے وہ صحابی اگر کہتے کہ یہ تو نصرانی ہے تو نبی کریم ﷺ فرماتے کہ نصرانی تو ہے لیکن اس مرض کے علت اور علاج سے واقف ہے لہذا یہ مناسب نہیں یہ کہ کفار کے اشیاء اور علوم ہیں لہٰذا ہم اس سے استفادہ نہیں کریں گے مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے علوم وفنون کی ترویج مغرب اور مشرق میں کریں۔

سینئر منسٹر خیبر پختونخوا جناب سراج الحق اور صحافیوں اور کی دار العلوم آمد:

- ۲۷ستمبر ۲۰۱۳ کو جناب سراج الحق صاحب' سینئر منسٹر حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات کرنے کے لئے ان کی رہائش گاہ پر تشریف لائے اور انہوں نے مختلف اہم امور پر آپ سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

اسی طرح روٹرز تھامسن (Reuters Thomson) نیوز ایجنسی کی بیورو چیف محترمہ شیریں بہادر کے ساتھ روسی اور الجزائری صحافی خواتین پر مشتمل ٹیم نے حکومتی آل پارٹیز کانفرنس سمیت شام اور مصر کے حالیہ مسائل پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو کیا۔یہ دنیا کے بڑے خبر رساں اداروں میں سے ایک ہے۔ جو کہ 1500 چینلز کو دنیا کی 22 زبانوں میں خبریں مہیا کرتی ہے۔ٹیم نے دار العلوم حقانیہ کے تمام شعبہ جات کا معائنہ بھی کیا۔۲۱ستمبر ۲۰۱۳ء کو افغانستان کے ''طلوع'' ریڈیو ٹیم نے بھی حضرت مولانا مدظلہ سے موجودہ حالات پر انٹرویو ریکارڈ کیا۔

دار العلوم میں جمعیۃ علماء اسلام کی مجلس شوریٰ کا اجلاس: ۱۰ستمبر ۲۰۱۳ کو دار العلوم میں جمعیۃ علماء اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد' جس کی صدارت قائد جمعیت مولانا مدظلہ نے فرمائی۔ اجلاس میں پاکستان اور عالم اسلام کے حالات پر طویل غور وحوض کیا گیا اور خصوصاً جمعیت کی تنظیم نو اور رکنیت سازی مہم کا آغاز کیا۔

دار العلوم کے خادم معین الدین صاحب کی وفات: دار العلوم کے انتہائی قدیم اور مخلص خادم جناب معین الدین صاحب بھی ۲۷ستمبر ۲۰۱۳ء کو مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔آپ نے دار العلوم کے مختلف شعبوں میں تقریباً پچیس تیس برس تک خدمات سرانجام دیں۔نہایت شریف' امانتدار اور کم گو نیک انسان تھے۔مرحوم کے رفع درجات کے لئے قارئین وفضلائے حقانیہ سے دعاؤں کی درخواست ہے۔